# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : جیکولین مرزا

کلاس 3 کے لئے

# ایسی چونچ کا کیا کرتے



# ٹیچر کے لئے نوٹ

- ٹیچر اس کتاب کو پڑھا کر بہت سی معلومات بچوں کے ساتھ share کر سکتی ہیں۔ ایسی معلومات جن کے ذریعے انہیں پتہ چلے گا کہ جانور کس طرح اپنے اردگرد کے ماحول کے لحاظ سے اپنی عادات بناتے ہیں یا اپنے جسم کے مختلف حصوں کو اس کام کے لئے تیار کرتے ہیں۔
اس کتاب کو پڑھ کر بچے جانوروں کی اس دنیا کا موازنہ انسانوں کی دنیا سے کریں گے۔ کیونکہ انسان بھی ایسے خاص طریقے اور ذریعے develop کرتے ہیں جن کے حوالے سے وہ اپنی surrounding میں بہتر طور پر کام کر سکتے ہیں انسان اور حیوان میں واضح فرق صرف یہ ہے کہ انسان اپنے کام کرنے کے لئے اوزار بنا سکتا ہے۔
کتاب مکمل ہونے کے بعد بچے بتا سکیں گے کہ کیسے یہ 20 جانور اپنے مختلف جسم کے حصوں کو اپنی مختلف ضروریات پوری کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
اس گائیڈ کے ذریعے وہ ایک research report بھی لکھنا سیکھیں گے۔ اس کتاب کو مکمل کروا کر ٹیچر بچوں کو سکھائیں کہ اسی طرح وہ دوسرے مختلف جانوروں کی بھی حرکات اور سکنات نوٹ کر کے ان کے بارے میں لکھیں۔ وہ ان جانوروں کو چار مختلف گروپ میں بانٹنا بھی سیکھیں گے۔ یعنی birds, mammals, reptiles, insects اور یہ بھی کہ یہ جانور کن ملکوں میں زیادہ رہتے ہیں۔

- کتاب شروع کروانے سے پہلے ٹیچر کو مختلف جانوروں کے مختلف اعضاء کے بارے میں بتایا جا رہا ہے تاکہ کتاب پڑھانے کے دوران ان کو ان معلومات سے مدد مل سکے۔

- تمام چڑیوں کی چونچ ہوتی ہے۔ چونچ کا اوپری اور نچلا حصہ اس کے جبڑے کا حصہ ہوتا ہے۔ زیادہ تر چڑیاں اپنی چونچ کو اپنے اوزار کی طرح استعمال کرتی ہیں تاکہ وہ غذا حاصل کر سکیں جس کی انہیں ضرورت ہے۔ لیکن چونچ اس کے علاوہ دوسرے مختلف کاموں کے لئے بھی استعمال ہوتی ہے۔ مثلاً چڑیاں چونچ کو اپنے پروں کو ہموار کرنے کے لئے استعمال کرتی ہیں۔

وہ چڑیاں جو گھونسلہ بناتی ہیں اپنی چونچ کو گھونسلہ بنانے کی اشیاء لانے لے جانے کے لئے استعمال کرتی ہیں۔ چڑیاں اپنی چونچ کو سامان آگے پیچھے کرنے کے لئے استعمال کرتی ہیں تاکہ وہ صحیح جگہ رکھا جا سکے۔ مثلاً بیا اپنا گھونسلہ گھاس کو بن کر گرہ لگا کر موڑ کر بناتی ہے۔ یہ سارا کام وہ اپنی چونچ کی مدد سے کرتی ہے۔ صرف چڑیوں کے پر ہوتے ہیں تاکہ وہ اڑ سکیں، اپنے آپ کو گرم رکھ سکیں اور اپنے نر کو اپنی طرف متوجہ کر سکیں۔ مثلاً مور پروں کو ہلا کر مورنی کی توجہ حاصل کرتا ہے۔ نر چڑیاں زیادہ رنگدار ہوتی ہیں ان کے پروں پر سجاوٹ زیادہ ہوتی ہے۔

- چھوٹی منیا (humming bird) جنوبی امریکہ کی چڑیا ہے۔ یہ پاکستان میں بھی نظر آتی ہے۔ یہ پھولوں سے رس پیتی ہے۔ اس کے لئے اپنی چونچ کو استعمال کرتی ہے۔
humming bird واحد ایسی چڑیا ہے جو ہوا میں ایک جگہ ٹھہر کر پر ہلا سکتی ہے۔ یہ پیچھے کی طرف بھی اڑ سکتی ہے۔

- مکھی ایک کیڑا ہے۔ اس کی مرکب آنکھیں بہت سی چھوٹی چھوٹی آنکھوں سے مل کر بنتی ہیں۔ ہر آنکھ کا اپنا ایک lens ہے۔ اس طرح کی آنکھیں ہر طرف کی movement دیکھ سکتی ہیں اور حملہ کرنے والوں سے اسے بچا سکتی ہیں۔

- صرف چمگادڑ ایسا mammal ہے جو اڑ سکتا ہے۔ چمگادڑ دن میں سوتے ہیں۔ رات کو جاگتے ہیں۔ وہ آواز کی مدد سے راستہ کی پہچان کرتے ہیں۔ اسی لئے اڑتے وقت چیخ کی آواز نکالتے ہیں۔ اگر کوئی چیز سامنے آتی ہے تو اس کی چیخ میں echo پیدا ہوتی ہے اور چمگادڑ اپنے حساس کانوں سے اسے محسوس کرتے ہیں۔ echo کی مدد سے وہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہ چیز کتنے فاصلے پر ہے۔ اسی لئے ان کے کان اتنے بڑے ہوتے ہیں۔

- گرگٹ reptile ہے۔ اپنی کھال کا رنگ بدلنا اس کی خصوصیت ہے۔ یہ حرکت وہ اپنے آپ کو دشمن سے بچانے اور اپنے شکار کے قریب جانے کے لئے کرتا ہے۔ گرگٹ کو جب غصہ آتا ہے تو اس کا رنگ گہرا ہو جاتا ہے۔ اگر ڈرتا ہے تو رنگ ہلکا ہو جاتا ہے۔ گرگٹ کی 85 قسمیں ہیں۔ زیادہ تر افریقہ اور ایشیا میں ہوتے ہیں۔

مندرجہ بالا تمام معلومات اس لئے دی گئی ہیں تاکہ ٹیچر جب کلاس میں بچوں کے ساتھ بات چیت کریں تو پہلے سے کافی مواد موجود ہو۔

## سیشن 1

- ٹیچر بچوں سے کتاب کے ٹائٹل کے متعلق بات چیت کریں۔ اس کے بعد مختلف چڑیوں کی چونچوں کے بارے میں بات کریں۔ مثلاً بطخ اپنی چونچ سے کیڑے اٹھاتی ہے۔ طوطے بیج کو توڑ کر کھاتے 5 منٹ

ہیں، چیل چونچ سے کچے گوشت کی چیر پھاڑ کرتی ہے۔
بچوں کو بتائیں کہ جانوروں کے تمام special features مختلف کاموں کے علاوہ ان کو کھانا ڈھونڈنے، دشمن سے چھپنے، گھر بنانے اور اپنے ساتھی کو متوجہ کرنے کے لئے بھی استعمال ہوتے ہیں۔

20 منٹ
- مختلف بچوں سے جانوروں کے special features الگ الگ پڑھوائیں اور ایک دوسرے سے موازنہ کروائیں۔ مثلاً بیا اپنی چونچ سے گھونسلہ بناتی ہے۔ جبکہ weavers اپنے دانتوں سے پل بناتے ہیں، pelican اپنے منہ میں کھانا جمع کرتے ہیں۔
بچوں سے پوچھیں یہ جانور کن ملکوں سے آتے ہیں۔ ٹیچر تین چار بچوں سے الگ الگ یہ سوال پوچھیں بعد میں اپنی معلومات بھی بچوں تک پہنچائیں۔

20 منٹ
- کتاب کی پڑھائی مکمل ہونے کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی پسند کے کسی جانور کی تصویر بنائیں اور اس کے متعلق 5 سے 10 لائنیں لکھیں۔ مثلاً شیر کی کھال پر دھاریاں اسے camouflage کرتی ہیں۔ خارپشت کے کانٹے اسے دوسرے جانوروں سے بچا کر رکھتے ہیں۔

## گھر کا کام

- کتاب اچھی طرح پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 2

45 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کے کسی ایک جانور کا انتخاب کر کے اس کے بارے میں research کریں گے اور رپورٹ تیار کریں گے۔ ٹیچر اس کام کے لئے بچوں کو کم از کم ایک ہفتہ کا وقت دیں۔ انہیں بتائیں کہ ریسرچ کرنے کا طریقہ کس طرح ہو گا۔ وہ بچوں سے کہیں کہ وہ بتائے ہوئے پوائنٹ اپنی کوپیوں میں لکھیں تاکہ رپورٹ تیار کرنا آسان ہو جائے۔
(1) اپنے جانور کے متعلق معلومات مختلف کتابوں سے حاصل کریں۔
(2) اگر انٹرنیٹ کی سہولت میسر ہے تو وہاں سے حاصل کریں۔
(3) گھر کے مختلف افراد سے سوال کریں اور انہیں جو کچھ بھی پتہ ہے پہلے اس کی تصدیق کریں پھر لکھیں۔

(4) جب بچے کسی جانور کے بارے میں معلومات جمع کریں تو کتابوں سے مواد حاصل کر کے پہلے نوٹس بنائیں۔

ان کی معلومات میں یہ باتیں شامل ہونا چاہئیں۔

(a) جانور کس ملک یا continent سے ہے۔

(b) اس کے رہنے کی خاص جگہ کون سی ہے؟ (ریگستان یا rain forest یا شہر یا کھیت وغیرہ وغیرہ)۔

(c) جانور کا نام کیا ہے؟

(d) نام کا مطلب کیا ہے؟

(e) جانور کی shape کیسی ہے؟

(f) کتنا بڑا ہوتا ہے؟

(g) اس کا اوسطاً وزن کتنا ہوتا ہے؟

(h) کیا اس کے سینگ، بال، دم ہیں؟

(i) پاؤں کتنے ہیں؟

(j) پاؤں چھوٹے ہیں یا بڑے؟

(k) پاؤں کس طرح اٹھاتا ہے؟

(l) جانور کیا کھاتا ہے؟

(m) وہ کس شکل کا لگتا ہے؟

(n) اسے کون کھاتا ہے؟

(o) اس کی زیادہ سے زیادہ عمر کتنی ہو سکتی ہے؟

(p) کیا اس کے کھانا کھانے میں کوئی بات مختلف ہے؟ (مثلاً pelican سانس روک کر اور پانی میں منہ ڈال کر اپنے منہ میں مچھلیاں پہلے جمع کرتا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ کھاتا ہے یا اپنے بچوں کو کھلاتا ہے)۔

(q) اس کے بچے ہوتے ہیں یا انڈے؟

(r) اس کی حرکات میں کوئی خاص دلچسپ بات جو بہت مختلف لگتی ہے؟

(s) وہ اپنا بچاؤ کیسے کرتا ہے؟

(t) اگر بچوں کو اپنے اس جانور کے بارے میں کوئی دلچسپ legends معلوم ہیں تو وہ بھی لکھ کر لائیں۔ مثلاً مور روتا کیوں ہے؟

(u) اونٹ کا hump کیوں ہوتا ہے؟

اپنی رپورٹ تعارفی پیراگراف سے شروع کریں۔ جس میں آپ اپنے جانور کے بارے میں وہ خاص خاص باتیں بتائیں جس کے بارے میں آپ لکھ رہے ہیں۔ بعد میں الگ الگ پیراگراف کے ذریعے بتائیں کہ وہ جانور کس فیملی سے تعلق رکھتا ہے؟ کیسا لگتا ہے؟ کہاں رہتا ہے؟ لکھنے کے بعد ہر بچہ اپنی لکھائی کی ہجے، گرامر چیک کرے۔ جملے مکمل اور صاف لکھے ہونا چاہئیں۔

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ آج ہی گھر جا کر اپنی رپورٹ پر کام شروع کر دیں۔

## سیشن 3

45 منٹ

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ ان کی اس کتاب میں جانوروں کی کتنی قسموں کا ذکر ہے۔ (birds, insects, reptiles, mammals)۔

بچوں سے کہیں کہ وہ چار کولم کا ایک چارٹ بنائیں اور ہر کولم میں جانور کی category کے لحاظ سے اس کا نام لکھیں۔

| insects | reptiles | mammals | birds |
|---|---|---|---|
| مکھی | چھپکلی | کتا | بیا |
| | گرگٹ | walrus | pelican |
| | | چمگادڑ | چیل |
| | | ہاتھی | شتر مرغ |
| | | زرافہ | لال منیا |
| | | بندر | مور |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | گائے | | |
| | پہاڑی بکرا | | |
| | پولر بیئر | | |

- اب بچے مندرجہ ذیل سوال و جواب اپنی کوپی میں لکھیں۔

(1) اس کتاب میں دی گئی چڑیوں میں سب سے بڑی اور سب سے چھوٹی چڑیا کون سی ہے؟ (بڑی شتر مرغ، چھوٹی لال منیا)۔

(2) کسی دو ایسے جانوروں کے نام بتائیں جن کے لمبے دانت ہیں؟ (ہاتھی، walrus)

(3) ان میں کون سے جانور arctic میں رہتے ہیں؟ (polar bear)، افریقہ میں (giraffe, elephant) ریگستان میں اونٹ۔

(4) کون سے جانور تیر سکتے ہیں؟ (polar bear, walrus)

(5) کون سے جانور انسانوں سے ملتے جلتے ہیں اور کس طرح ملتے جلتے ہیں؟

(6) کون سا جانور چڑیا نہیں ہے مگر اڑ سکتا ہے؟ (چمگادڑ)

(7) کس جانور کے کان بہت بڑے ہوتے ہیں؟ (ہاتھی)

(8) کس جانور کے رنگ بہت خوبصورت ہوتے ہیں؟ (مور)

(9) کون سا جانور رنگ بدل سکتا ہے؟ (گرگٹ)

(10) کون سا جانور ہمارے لئے سب سے زیادہ فائدہ مند ہے؟ (بچے اپنی مرضی کے جانور کا نام لکھ کر وجہ بھی بتائیں)۔

## سیشن 4

- بچوں سے ان کی رپورٹ کے بارے میں پوچھیں۔ اگر وہ اس سلسلے میں سوال پوچھنا چاہیں تو انہیں اس کی اجازت دیں۔

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • مندرجہ ذیل الفاظ کے مونث مذکر کر وائیں۔<br>ہاتھی بندر مور اونٹ گائے |
| 10 منٹ | • اب ٹیچر مندرجہ ذیل الفاظ بچوں سے انگریزی میں translate کر وائیں۔<br>چونچ کھر دم گردن کھال پر |
| 15 منٹ | • بچے کتاب سے تلاش کر کے کسی 5 افعال (verbs) کو جملوں میں استعمال کریں۔ مثلاً سونگھ سونگھ کر۔ ڈھونڈتے ڈھونڈتے۔ وغیرہ وغیرہ۔ |
| 10 منٹ | • اوپر دیئے گئے مختلف جانوروں کے بارے میں دو جملے لکھیں۔ مثلا<br>مچھلی صرف پانی میں زندہ رہ سکتی ہے۔<br>مچھلی کے کباب بہت مزیدار ہوتے ہیں۔ |

## سیشن 5

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • آج ٹیچر شروع کے پانچ منٹ بچوں سے بات کریں کہ وہ کون سی خاص صلاحیت اپنے اندر چاہتے ہیں۔ مثلاً بہت دور تک دیکھنے کی صلاحیت، بہت حساس ناک یا سونگھنے کی صلاحیت، ostrich کی طرح kick مارنے کی صلاحیت۔ (ostrich لات مار کر شیر کے پیٹ کو بھی پھاڑ سکتی ہے)۔ |
| 40 منٹ | • ٹیچر پانچ چھ بچوں سے پوچھیں کہ وہ یہ صلاحیت کیوں چاہتے ہیں۔ اگر یہ صلاحیت مل گئی تو وہ کیا کریں گے۔ اس کے بعد بچے کلاس میں لکھائی شروع کریں۔ اپنی لکھائی کے ساتھ بچے ڈرائنگ بھی بنائیں۔ |

## سیشن 6

• اسکول کے ہیڈ سے بات کر کے اور اجازت لے کر بچوں کو کسی چڑیا گھر لے جانے کا بندوبست کریں۔ یا پھر اگر یہ ممکن نہ ہو تو کلاس میں بچے اپنے پالتو جانور لائیں اور باری باری اس جانور کی ایک ایک خاص بات بتائیں۔

نوٹ

- جب کتاب پر تمام مکمل ہو جائے تو بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی بنائی ہوئی رپورٹ ٹیچر کو لا کر دیں رپورٹ پڑھ کر ٹیچر اندازہ کر سکیں گی کہ بچے اس سبق کو کتنی اچھی طرح سمجھے ہیں۔

- بچوں کی بنائی ہوئی reports کا display کلاس میں کریں۔ اسکول کے ہیڈ اور دوسری ٹیچرز کو کلاس میں بلا کر دکھائیں۔ وہ لوگ report کے بارے میں سوالات بھی کریں۔

# ایسی چونچ کا کیا کرتے

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ ' کراچی
پہلا ایڈیشن : فروری 2006
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

ہم .Muslim Commercial Bank Ltd کے شکرگزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi. Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk